ادارہ

## ’’البراعة الزاهرة‘‘ اُردو ترجمہ ’’البلاغة الواضحة‘‘

حضرت مولانا عبداللطیف المدنی۔ صفحات: ۲۰۶۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: مکتبہ جامعہ عبداللہ بن مسعودؓ، نواز ٹاؤن، فیصل آباد۔ ملنے کا پتہ: اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن، کراچی۔

مصر کے دو علماء نے ’’البلاغة الواضحة‘‘ کے نام سے عربی فصاحت و بلاغت پر مشتمل کتاب مرتب کی، اس کی تسہیل اور ترجمہ مؤلف مذکور نے فرمایا ہے اور موقع کی مناسبت سے انہوں نے ان تشبیہات کی مثالیں اردو اشعار کے ذریعہ بھی ذکر فرمائی ہیں۔ اس کتاب میں بلاغت کے ۵۷؍ سے زائد اصول اور قواعد ذکر کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ اعراب، امثلہ، حل لغات، سلیس ترجمہ، قواعد کی توضیح، اردو اشعار اور اہم سوالات کو تحریر کیا گیا ہے۔ عربی تکلم اور فصاحت و بلاغت کا شوق رکھنے والے طلبہ اور علماء کے لیے یہ خاصے کی شئے ہے۔

## تعبیر شرح نحو میر

ابوطلحہ عبدالباسط لاڑکانوی۔ صفحات: ۳۳۵۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔ ناشر: مکتبہ براء بن مالکؓ نزد جامعہ اسلامیہ دودائی روڈ، لاڑکانہ۔ ملنے کا پتہ: اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی۔

مؤلف مولانا ابوطلحہ عبدالباسط جامعہ دارالعلوم کراچی کے فارغ التحصیل اور جامعہ اسلامیہ دودائی لاڑکانہ کے باصلاحیت وذی استعداد اساتذہ میں شامل ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو نحو کی تدریس میں خاص ذوق عطا فرمایا ہے، جو آپ کی اس نحو میر کی شرح ’’تعبیر‘‘ کے مطالعہ سے محسوس ہوتا ہے۔ آپ نے نحو میر کی شرح سوال وجواب کے انداز میں تحریر کی ہے، جو غالباً نحو میں اس انداز کی پہلی کتاب ہے۔ علم نحو کا شغف رکھنے والے اساتذہ اور طلبہ کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔

## ارمغانِ فانی

مولانا نور اللہ نور وزیرستانی۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: القاسم اکیڈمی،



www.banuri.edu.pk

جامعہ ابوہریرہؓ، خالق آباد، نوشہرہ۔

زیرتبصرہ کتاب ''ارمغانِ فانی'' حضرت مولانا محمد ابراہیم فانی رحمۃ اللہ علیہ کے ان نگارشات، منظومات اور مکتوبات کا مجموعہ ہے جو وقتاً فوقتاً ماہنامہ ''القاسم'' کے صفحات کی زینت بنتے رہے ہیں۔

مولانا ابراہیم فانی رحمۃ اللہ علیہ اردو، عربی، فارسی اور پشتو کے قادر الکلام شاعر ہونے کے علاوہ صاحب طرز ادیب بھی تھے۔ ان کی وفات کے بعد مولانا نوراللہ نور صاحب نے ان تمام جواہر پاروں کو یکجا کرکے ''ارمغانِ فانی'' کے نام سے ایک خوبصورت مالا تیار کرکے باذوق قارئین کے سامنے پیش کردی ہے۔ امید ہے کہ اس کی قدر افزائی کی جائے گی۔

## اصول الافتاء

مفتی احتشام الحق آسیابادی۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: شعبہ نشر واشاعت جامعہ رشیدیہ آسیاآباد، تربت، مکران، بلوچستان۔

مفتی اعظم بلوچستان حضرت مولانا مفتی احتشام الحق حضرت مولانا مفتی رشید احمد لدھیانوی نوراللہ مرقدہٗ کے خصوصی شاگرد اور تربیت یافتہ ہیں، جنہوں نے سالہا سال حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی قدس سرہٗ کے زیرنگرانی فتاویٰ پر کام کیا ہے اور ہر سال شعبان ورمضان میں زیرتربیت مفتیانِ کرام کو افتاء کی مشق کراتے ہیں۔

پیش نظر رسالہ ''اصولِ افتاء'' سے متعلق ہے، جس میں ''شرح عقود رسم المفتی'' میں موجود ضوابط وطریق افتاء کو سمو دیا گیا ہے، جس کے پڑھنے کے بعد ''شرح عقود رسم المفتی'' جیسے رسائل کا پڑھنا اور سمجھنا آسان ہوجاتا ہے۔ امید ہے افتاء سے متعلقین اس رسالہ کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔